© rasailojaraid.com

## احکام القرآن

# معانی القرآن للفرآءؒ کی روشنی میں

غلام مرتضیٰ آزاد

فرّاء کی تفسیر معانی القرآن میں صرف لغوی اور نحوی ابحاث ہی نہیں، اس کتاب میں مسائل فقہ اور اختلافِ فقہاء سے متعلق بعض ایسے مواد موجود ہیں جو طویل ترین ابحاث سے بے نیاز کر دیتے ہیں۔ احکام اور قوانین کے استنباط و استخراج کے لئے علمائے امت نے قرآن و احادیث کی رو سے علی الترتیب ان چار مصادر پر انحصار کیا ہے:-

کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہؐ، اجماع اور قیاس۔

استخراجِ قوانین کے لئے مصادر کی یہ ترتیب اتنی منطقی اور عقلی ہے کہ اس میں کمی بیشی یا ردّو بدل ناممکن ہے۔ فقہاء کرام، اللہ تعالیٰ انہیں ان کی مساعی جمیلہ کا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ جتنے محتاط تھے اتنے ہی ذہین بھی تھے۔ اس ذہانت کی حدود میرے خیال میں نبغ سے بڑھ کر انشراح صدر اور الہام تک جا پہنچی ہیں۔ الفرّاء کے ماحول کو ایک مرتبہ پھر چشم تصور سے دیکھنے کے لئے مندرجہ ذیل ائمہ فقہ کی تاریخ ولادت اور تاریخ وفات پر غور ضروری ہے:

امام مالکؒ: ۹۳ھ - ۱۷۹ھ

امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابتؒ: ۸۰ھ - ۱۵۰ھ

سفیان ثوریؒ: ۹۷ھ - ۱۶۱ھ

سفیان بن عیینہؒ: ۱۰۷ھ - ۱۹۸ھ

امام ابو یوسف، یعقوب بن ابراہیمؒ: ۱۱۳ھ - ۱۸۲ھ

امام محمد بن حسن الشیبانیؒ: ۱۳۱ھ - ۱۸۹ھ

امام شافعی، محمد بن ادریسؒ: ۱۵۰ھ - ۲۰۴ھ

یہ بزرگانِ ملت، فقہ یعنی اسلامی قانون کے اساطین ہیں، استخراجِ قوانین اور تالیفِ قوانین کے لئے ان لوگوں کے سامنے یہی دائمی مصادر اور انکی یہی عقلی ترتیب تھی، اس حقیقت کے پیشِ نظر اگر یہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہا جائے کہ اسلامی فقہ (اسلامی قانون) کا بیشتر حصہ قرآن مجید سے ماخوذ ہے تو یہ ہرگز بے جا نہیں۔ فقہاء و علماء نے کتاب اللہ سے کس قدر قوانین و احکام کا استنباط کیا ہے، آئندہ صفحات میں اس کا صحیح اندازہ ہوگا۔

معانی القرآن میں آیات احکام کو ہم نے کتب فقہ کی ترتیب کے مطابق مرتب کیا ہے۔ اس سلسلے میں اہم، موضوع ۔عنوان۔ سے متعلقہ آیت درج کر کے اس کے نیچے الفراء کی تشریحات درج کریں گے اس کے بعد اسی آیت سے متعلق دیگر فقہاء و علماء کی آراء کا ملخص 'فائدہ' کے زیر عنوان پیش کیا جائے گا۔

## عبادات

**طہارۃ :** طہارۃ، وضوء، غسل اور تیمم کے متعلق قرآن مجید میں، سوائے چند جزئیات کے جملہ تفصیلات موجود ہیں۔

وضوء کے متعلق : سورۃ المائدۃ آیت : ۶

تیمم کے متعلق: سورۃ المائدۃ آیت: ۶ سورۃ النساء آیت : ۴۳

اور غسل کے متعلق: سورۃ المائدۃ آیت ۶ سورۃ النساء آیت: ۴۳ اور سورۃ البقرۃ آیت: ۲۲۲ فقہاء کے اختلاف کے ساتھ موجود ہے۔

وضوء :

آیت کریمہ : یا ایہا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوٰۃ فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق وامسحوا برؤسکم وارجلکم الی الکعبین۔ (المائدۃ : ۶)

ترجمہ: مومنو! جب تم نماز پڑھنے کا قصد کیا کرو تو اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں تک دھو لیا کرو اور سر کا مسح کر لیا کرو اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں تک۔

اس آیت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ ادائے نماز سے قبل وضوء کر لینا ضروری ہے۔

آیت میں ہاتھ اور منہ دھونے اور سر کے مسح کرنے کا حکم ہے۔ پاؤں دھونے یا ان پر مسح کرنے میں مسلمانوں کے دو بڑے فرقوں میں عرصۂ دراز سے اختلاف چلا آرہا ہے۔ ذیل میں اس کے متعلق الفراء کی تشریحات پیش کی جاتی ہیں۔

الفراء کہتے ہیں کہ "ارجلکم" کا عطف "وجوھکم" پر ہے یعنی منہ کی طرح پاؤں کا دھونا بھی ضروری ہے

© rasailojaraid.com



۱ - فراء اپنی سند سے عبداللہ بن مسعود سے روایت کرتے ہیں " ارجلکم اگرچہ آخر میں مذکور ہے لیکن وہ مقدم ہے "یعنی یہ" وجوھکم " پر عطف ہے۔

۲ - فراء اپنی سند سے حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ "قرآن مجید میں مسح کا حکم ہے مگر سنت نبوی کے بموجب پاؤں کو دھونا چاہیئے" ——— اور

۳ - فراء اپنی سند سے شعبی سے روایت کرتے ہیں کہ جبریل جملہ انبیاء اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر " پاؤں کے مسح " کا حکم لائے۔ معانی القرآن ص ۳۰۲ - ۳۰۳۔

آیت کریمہ:

یا ایھا الذین امنوا لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ حتی تعلموا ما تقولون ولا جنباً الا عابری سبیلٍ حتیٰ تغتسلوا وان کنتم مرضیٰ او علیٰ سفرٍ او جاء احد منکم من الغائط او لمستم النساء فلم تجدوا ماءً فتیمموا صعیداً طیباً فامسحوا بوجوھکم وایدیکم ط ان اللہ کان عفواً غفوراً۔ (سورۃ النساء: ۴۳)

ترجمہ: مومنو! جب تم نشے کی حالت میں ہو تو جب تک (ان الفاظ کو) جو منہ سے کہو سمجھنے (نہ) لگو، نماز کے پاس نہ جاؤ اور جنابت کی حالت میں بھی (نماز کے پاس نہ جاؤ) جب تک کہ غسل (نہ) کر لو۔ الا یہ کہ تم راستہ طے کر رہے ہو۔ (اور پانی نہ ملنے کے سبب غسل نہ کر سکو تو تیمم کر کے نماز پڑھ لیا کرو) اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے ہو کر آیا ہو یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے اپنے چہروں اور ہاتھوں کا مسح کر کے تیمم کر لو۔ بے شک خدا معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے۔

اس آیت سے کم و بیش ۳۸ احکام استخراج کئے گئے ہیں۔

الفراء نے اس آیت کے جن الفاظ کی تشریح کی ہے ہم نے ان پر خط کھینچ دیا ہے۔ پہلے دو الفاظ کی تشریح ان کے متعلقہ عنوان کے تحت پیش کی جائے گی۔ اس مقام پر " فتیمموا " کی تشریح پیش کی جاتی ہے۔

التیمم ان تقصد الصعید الطیب حیث کان

ولیس التیمم الا ضربۃ للوجہ وضربۃ للیدین

© rasailojaraid.com

حکم یہ ہے کہ آپ پاک مٹی کا قصد کریں جہاں بھی ملے ۔ تیمم ایک دفعہ چہرہ کے لئے اور ایک دفعہ ہاتھوں کے لئے (پاک مٹی پر ہاتھ) مارنا ہے۔

الجنب و غیر الجنب: یہ تیمم (نماز، تلاوت، سجدہ سہو کے لئے) جنبی اور غیر جنبی دونوں کے لئے کافی ہے۔ (معانی القرآن صـ ۲۷۰ الجزء الاول)

فائدہ: التیمم ضربتان، ضربة للوجه و ضربة للیدین۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، اخرجه الدارقطنی والحاکم (الدرایة فی تخریج احادیث الهدایة صـ ۳۴)

امام ابو حنیفہؒ کا تیمم کے بارے میں یہی مسلک ہے۔

ابنِ سیرینؒ کا خیال ہے کہ تیمم ضرباتِ ثلثة سے عبارت ہے۔ ایک دفعہ چہرہ پر ہاتھ ملے، دوسری مرتبہ ہاتھوں پر اور تیسری دفعہ کلائیوں پر۔

عطاء، مکحول، احمد، اوزاعی اور ابنِ منذرؒ کا خیال ہے کہ تیمم ضربة واحدة ہے یعنی ایک ہی دفعہ مٹی پر ہاتھ رکھ کر چہرہ اور ہاتھوں پر مل دے۔ (حاشیہ علی الهدایة صـ ۴۴)

الفراء نے امام ابو حنیفہؒ کی رائے اختیار کی ہے۔

---

**صلوٰة**: آیت مذکورہ میں، الصلوٰة ....... کا لفظ۔

آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ حالت سکر میں صلوٰة کے قریب نہیں جانا چاہیئے۔

الفراء نے اس کی یوں تشریح کی ہے:

نزلت فی نفر من اصحاب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) شربوا و حضروا الصلوٰة مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل تحریم الخمر فانزل اللہ ولا تقربوا الصلوٰة مع رسول اللہ ولکن صلوها فی رحالکم۔

ترجمہ: ایک مرتبہ تحریم خمر سے قبل چند لوگ شراب پی کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز میں شریک ہوئے تو اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ شراب پی کر آنحضرتؐ کے ساتھ نماز میں نہ شریک ہوا کریں بلکہ اپنے گھروں میں ہی نماز پڑھ لیں۔

ولا جنبًا: یعنی حالتِ جنابت میں بھی نماز کے قریب مت جاؤ، جب تک کہ غسل نہ کر لو۔ لیکن

© rasailojaraid.com



"عابری سبیل" کو، اگرچہ وہ حالتِ جنابت میں ہو، اجازت ہے۔

"عابری سبیل" سے مراد وہ مسافر ہیں جو پانی سے محروم ہوں۔

(تفسیر معانی القرآن، ص ۲۷۰، الجزء الاوّل)

فوائد: "لا تقربوا الصلوٰۃ" کے متعلق دیگر علماء نے مندرجہ ذیل آراء پیش کی ہیں:

۱۔ سکر اور جنابت کی حالت میں نماز نہ پڑھے۔

علیؓ، ابنِ عباسؓ، سعید بن جبیرؒ، حسنؒ، امام مالکؒ۔

۲۔ سکر اور جنابت کی حالت میں مسجد کے قریب جانا منع ہے۔

یہ بعض علماء کا مفہوم ہے۔

۳۔ "وانتم سکاریٰ" جملہ علماء کا اتفاق ہے کہ اس مقام پر سکر (نشہ) سے مراد سکر الخمر شراب کا نشہ مراد ہے۔ ضحاکؒ کا خیال ہے کہ اس مفہوم میں نیند کا خمار بھی شامل ہے۔

۴۔ "الا عابری سبیل"۔ اگر "الصلوٰۃ" (واقع در آیت مذکورہ) سے مراد نماز ہو تو اس لفظ کا مفہوم ہے مسافرین اور اگر "الصلوٰۃ" سے مسجد مراد ہو تو اس لفظ کا مفہوم ہوگا کسی کام کے لئے مسجد میں سے گذر کر جانے والے۔

---

صوم: صوم۔ روزہ بھی، صلوٰۃ کی طرح اسلام کا ایک رکن ہے۔ جسکی فرضیت اس آیت سے ثابت ہے:

یٰایھا الذین اٰمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون۔ ایاما معدودات۔ فمن کان منکم مریضاً او علیٰ سفر فعدۃ من ایام اخر۔ وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین۔ فمن تطوع خیراً فھو خیر لہ۔ وان تصوموا خیر لکم ان کنتم تعلمون۔

(سورۃ البقرۃ: آیت ۱۸۳-۱۸۴)

ترجمہ: مومنو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بنو۔ (روزوں کے دن) گنتی کے چند روز ہیں، تو جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھیں (لیکن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کھیں نہیں) تو وہ روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلا دیں۔ اور جو کوئی رضاکارانہ نیکی کرے تو
حق میں زیادہ اچھا ہے اور اگر سمجھو تو روزہ رکھنا ہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔

---

فرّاء اپنی سند سے شعبیؒ سے روایت کرتے ہیں: "اگر میں سال بھر روزے رکھوں تو اس روز فطار کروں گا جس میں شک کی وجہ سے یہ نہ معلوم ہو سکے کہ یہ دن شعبان کے مہینے سے تعلق ہے یا رمضان کے مہینے سے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نصاریٰ پر بھی ماہ رمضان کے روزے کئے گئے تھے، بالکل ایسے ہی جیسے ہم پر فرض کئے گئے ہیں فحوّلوہ الی الفصل تو انہوں نے صل پر ڈال دیا۔ ہُوا یہ کہ بسا اوقات وہ لوگ موسم گرما میں روزے رکھتے تھے تو رمضان کے کی تعداد تیس[۳۰] شمار کرتے تھے۔ بعد کی نسل آئی تو لوگوں نے کمال احتیاط کو ملحوظ رکھتے ہوئے روزے رکھنا شروع کر دیئے یعنی ایک دن رمضان سے قبل اور ایک دن رمضان کے بعد۔ پھر ے بعد آنے والی نسل نے اس تعداد پر دو مزید روزوں کا اضافہ کر دیا اور اس طرح قرناً بعد اضافہ ہوتا رہا حتیٰ کہ روزوں کی تعداد پچاس ہو گئی۔ (تفسیر معانی القرآن ص۱۱۱ الجزء الاول)

فائدہ: وجہ شبہ کے بارے میں علماء کی مختلف آراء ہیں:

۱۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ وجہ شبہ زمان (دنوں کی تعداد) ہے۔
۲۔ بعض کا خیال ہے کہ وجہ شبہ قدر (روزے کی مدت) ہے۔
۳۔ بعض کا خیال ہے کہ وجہ شبہ وصف (روزہ کیسے رکھا جائے) ہے۔
۴۔ بعض علماء مندرجہ بالا تینوں عناصر کے مجموعہ کو وجہ شبہ قرار دیتے ہیں۔

الفرّاء نے جامع وجہ شبہ بیان کی ہے۔

اسی آیت کا حصہ "وعلی الذین یطیقونه فدیة طعام مسکین" کی تشریح۔ الفرّاء کہتے کہ آیت کا یہ حصہ منسوخ ہے اور "وان تصوموا خیر لکم" اس کا ناسخ ہے۔ (معانی القرآن ج ا ص۱۱۲)

فائدہ اولیٰ: بعض علماء اس جملے کو منسوخ نہیں قرار دیتے اور اس کا یوں مطلب بیان کرتے ہیں "جن لوگوں کے لئے روزہ رکھنا بہت زیادہ مشکل ہو (مثلاً عمر رسیدہ یا دائمی امراض کی وجہ سے کمزور افراد) ان کو اجازت ہے کہ افطار کر لیا کریں مگر اس کے فدیہ میں ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



محتاج کے کھانے کا انتظام کرنا ہوگا۔

فائدۃ ثانیہ: "ایاما معدودات" سے بعض علماء نے رمضان اور بعض نے ایام بیض مراد لئے ہیں۔ الفراء کے سیاقِ کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ رمضان مراد لینا چاہتے ہیں،

---

شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن هدی للناس و بینٰت من الهدیٰ والفرقان فمن شهد منکم الشهر فلیصمه ومن کان مریضًا او علیٰ سفرٍ فعدة من ایام اخر یرید الله بکم الیسر ولا یرید بکم العسر ولتکملوا العدة ولتکبروا الله علیٰ ما هدٰکم ولعلکم تشکرون۔ (البقرۃ: ۱۸۵)

ترجمہ: (روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے) جس میں قرآن نازل ہوا جو لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے۔ تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو، چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں (رکھ کر) ان کی تعداد پوری کرے، خدا تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا اور (یہ آسانی) اس لئے (دیا گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کر لو اور اس نے تمہیں جو ہدایت بخشی اس پر اللہ کی تکبیر کرو اور تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤ۔

---

اس آیت سے علماء نے نو احکام کا استخراج کیا ہے۔

الفراء نے اس آیت کے جن الفاظ کی تشریح کی ہے ان پر ہم نے خط کھینچ دیا ہے۔

شهر رمضان: اس مقام پر اس لفظ کی وضاحت اور اس کے اعراب معلوم کرنا انتہائی ضروری ہے۔

۱۔ مرفوع۔ شهرُ رمضان۔ ای ولکم شهرُ رمضان۔

۲۔ منصوب۔ شهرَ رمضان۔ ای ان تصوموا شهرَ رمضان۔ قراءۃ الحسن۔

بعض لوگوں نے شهر کے لفظ کو کتب علیکم الصیام کی وجہ سے منصوب قرار دیا ہے صورت آیت کا مطلب یہ ہے کہ شهر رمضان کے روزے تم پر فرض ہیں۔

قوله: ومن شهد منکم الشهر فلیصمه۔ الفراء کہتے ہیں کہ یہ جملہ وعلی الذین یطیقونه فدیة

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سکین (حصہ آیت ۱۸۴ البقرہ) کے نسخ کی دلیل ہے یعنی جو شخص بیمار یا مسافر نہ ہو اس کو روزہ رکھنا چاہیئے۔

یرید اللہ بکم الیسر۔ یعنی حالتِ سفر میں افطار کرنا۔

ولا یرید بکم العسر۔ یعنی حالتِ سفر میں روزہ رکھنا۔ (تفسیر معانی القرآن ص۱۱۱۔ الجزء الاول)

فائدہ: امام مالکؒ اور امام ابو حنیفہؒ کا مسلک ہے کہ سفر میں روزہ رکھنا، افطار سے بہتر ہے۔

امام شافعی کا خیال ہے کہ افطار بہتر ہے۔

فائدہ ثانیہ: امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے کہ روزہ رکھنے سے اضافۂ مرض کا اندیشہ ہو تو افطار جائز ہے۔ امام شافعی کہتے ہیں کہ موت یا کسی عضو کے فوت ہو جانے کا خوف ہو تو افطار کر سکتا ہے ورنہ نہیں۔ (الھدایۃ متعلقہ مقام)

---

آیت کریمہ:

احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم، ھن لباس لکم و انتم لباس لھن۔ علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم فتاب علیکم و عفا عنکم فالآن باشروھن و ابتغوا ما کتب اللہ لکم و کلوا واشربوا حتیٰ یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر ثم اتموا الصیام الی اللیل ولا تباشروھن وانتم عاکفون فی المساجد تلک حدود اللہ فلا تقربوھا کذالک یبین اللہ ایاتہ للناس لعلھم یتقون۔ (البقرۃ: ۱۸۷)

ترجمہ: روزوں کی راتوں میں تمہارے لئے اپنی عورتوں کے پاس جانا جائز کر دیا گیا ہے وہ تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو۔ خدا کو معلوم ہے کہ تم (ان کے پاس جانے سے) اپنے حق میں خیانت کرتے تھے سو اس نے تم پر مہربانی کی اور تم سے درگذر فرمایا اب (تم کو اختیار ہے کہ) ان سے مباشرت کرو اور خدا نے جو چیز تمہارے لئے لکھ رکھی ہے اس کو طلب کرو اور کھاؤ اور پیو یہاں تک کہ صبح (صادق) کی سفید دھاری (رات کی) سیاہ دھاری سے الگ نظر آنے لگے، پھر روزہ کو رات تک پورا کرو۔ اور جب تم مسجدوں میں اعتکاف میں ہو تو اُن سے مباشرت نہ کرو۔ یہ خدا کی حدیں ہیں ان کے پاس نہ جانا۔ اسی طرح خدا اپنی آیتیں (لوگوں کے سمجھانے کے لئے) کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ پرہیزگار نہیں۔

فقہاء نے اس آیت سے متعدد احکام کا استخراج کیا ہے۔ الفرقان نے اس آیت کے جن حصوں سے بحث کی ہے ان پر ہم نے خط کھینچ دیا ہے۔

۔ فالآن باشروھن۔ یہ رخصت ہے جو اس سے قبل انھیں (صحابہ کو) حاصل نہ تھی۔

۔ حتیٰ یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر۔

ایک صاحب نے آنحضرتؐ سے استفسار کیا۔ کیا اس سے مراد سفید دھاگہ اور سیاہ دھاگہ ہے؟

آپؐ نے فرمایا: اس سے مراد تاریکئ شب اور سپیدئ صبح صادق ہے۔ {معانی القرآن ص۱۱۵ الجزء الاول}

---

**حج :** حج فرائض اسلام میں سے ایک فریضہ ہے جس کی فرضیت مندرجہ ذیل آیت کریمہ سے ثابت ہے:

وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلاً۔ (آل عمران : ۹۷)

ترجمہ: اور لوگوں پر خدا کا حق (یعنی فرض) ہے کہ جو اس گھر تک جانے کا مقدور رکھے وہ اس کا حج کرے۔

احکام حج کو کما حقہٗ سمجھنے سے قبل حج سے متعلق مندرجہ ذیل اصطلاحات کو ذہن نشین کر لینا ضروری ہے:۔

احرام : حج یا عمرہ کی غرض سے غسل یا وضو کے بعد دو چادریں باندھ لینا ایک بالائی حصہ بدن کے لئے اور دوسری بطور ازار۔

میقات: اس مقام کو کہتے ہیں جہاں سے کسی حاجی یا معتمر کے لئے بغیر احرام کے آگے بڑھنا جائز نہیں

حرم: اس کی حدود جدہ کی طرف مسجد شمس سے شروع ہوتی ہیں۔ یہ مقام مکہ سے ستائیس میل کے فاصلہ پر ہے۔ دوسری طرف حرم کی حدود مکہ سے ساڑھے تین میل کے فاصلہ پر جہاں مسجد میمونہ ہے ختم ہوجاتی ہیں۔ ..... حرم سے مراد مکہ کے اردگرد وہ خطۂ ارض ہے جس میں شکار کرنا، خون ریزی کرنا حتیٰ درخت کاٹنا اور کانٹے تک اکھاڑنا ممنوع ہے۔

تلبیہ: لبیک، اللھم لبیک لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لاشریک لک۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۹ ذی الحجہ جس دن حجاج عرفات میں ٹھہرتے ہیں۔

دسویں، گیارہویں اور بارہویں ذی الحجہ کو منیٰ سے متصل ایک مقام پہ کنکر مارنے کو کہتے ہیں۔

کعبہ کے ارد گرد سات مرتبہ گھومنے اور دو رکعت نماز پڑھنے کو طواف کہتے ہیں۔

صفا و مروۃ کے درمیان سات مرتبہ چلنے اور دوڑنے کو سعی کہا جاتا ہے۔ لیکن قرآن مجید نے اس کے لئے بھی "طواف" کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

---

آیت کریمہ: الحج اشھر معلومات۔ فمن فرض فیھن الحج فلا رفث ولا فسوق ولا جدال ومما تفعلوا من خیر یعلمہ اللّٰہ وتزودوا فان خیر الزاد التقوٰی واتقون یاولی الالباب۔

(البقرۃ ۲ : ۱۹۷)

ترجمہ: حج کے مہینے معلوم ہیں تو جو شخص ان مہینوں میں حج کی نیت کرے تو حج (کے دنوں) میں عورتوں سے اختلاط کرے نہ کوئی برا کام کرے اور نہ کسی سے جھگڑے۔ اور جو نیک کام تم کرو گے وہ خدا کو معلوم ہو جائے گا۔ اور زادِ راہ ساتھ لے جاؤ کیونکہ بہتر (فائدہ) زادِ راہ (کا) پرہیزگاری ہے اور اے اہلِ عقل مجھ سے ڈرتے رہو۔

---

فقہاء نے اس آیت سے متعدد احکام کا استخراج کیا ہے۔ الفراء نے جن الفاظ کی تشریح کی ہے ان پر خط کھینچ دیا ہے۔

الحج اشھر معلومات۔ اس سے مراد ہے شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے دس (دن یا راتیں)

فلا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج۔

الرفث کے معنی ہیں جماع

فسوق کے معنی ہیں گالی گلوچ اور

جدال کے معنی ہیں جھگڑا، زیادتی۔ (الفراء، تفسیر معانی القرآن ص۱۲۰ الجزء الاول)

۱۔ حج کے مہینوں کی تعیین میں فقہاء و علماء کی درج ذیل آراء ہیں:

۱۔ شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ مکمل۔ ابنِ عمر، قتادہ، طاؤس، مالک۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲- شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے ابتدائی دس ایام - مالکؒ، ابوحنیفہؒ۔
۳- شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کی ابتدائی دس راتیں - ابن عباسؓ، شافعیؒ۔
۴- شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کے ایام تشریق کے آخر تک۔ مالکؒ فی قول آخر۔

الفرّاء نے ایسی رائے اختیار کی ہے جو مالک و ابوحنیفہ اور شافعی و ابن عباس کی رائے کو جامع ہے۔

فوائد: ولا فسوق کی مندرجہ ذیل تشریحات کی گئی ہیں:

۱- اس سے جملہ معاصی مراد ہیں۔
۲- اس سے شکار کرنا مراد ہے۔
۳- غیر اللہ کے نام پر ذبح کرنا۔
۴- اس سے یہ تینوں چیزیں مراد ہیں۔

فائدۃ: ولا جدال: نہ تو حج کے دنوں میں جھگڑا ہو، نہ ہی حج کے موقع پر۔

---

و اتموا الحج والعمرۃ للہ فان احصرتم فما استیسر من الھدی ولا تحلقوا رؤسکم حتی یبلغ الھدی محلہ فمن کان منکم مریضاً او بہ اذًی من راسہ ففدیۃٌ من صیام او صدقۃٍ او نسکٍ فاذآ امنتم فمن تمتع بالعمرۃ الی الحج فما استیسر من الھدی فمن لم یجد فصیام ثلثۃ ایام فی الحج وسبعۃٍ اذا رجعتم تلک عشرۃ کاملۃ ذلک لمن لم یکن اھلہ حاضری المسجد الحرام واتقوا اللہ واعلموآ ان اللہ شدید العقاب۔ (البقرۃ: ۱۹۶)

(ترجمہ)۔ اور خدا (کی خوشنودی) کے لئے حج اور عمرہ کو پورا کرو، اور اگر (رستے میں) روک لئے جاؤ تو جیسی قربانی میسر ہو (کردو) اور جب تک قربانی اپنے مقام پر نہ پہنچ جائے سر نہ منڈاؤ۔ اور اگر تم میں کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں کسی طرح کی تکلیف ہو۔ تو اگر وہ سر منڈا لے تو اس کے بدلے میں روزے رکھے یا صدقہ دے یا قربانی کرے۔ پھر جب تم بے خوف ہو جاؤ تو جو (تم میں) حج کے وقت تک عمرے سے فائدہ اُٹھانا چاہے (تمتع کرنا چاہے) وہ جیسی قربانی میسر ہو کرے اور جس کو (قربانی) میسر نہ ہو وہ تین روزے ایام حج میں رکھے اور سات جب واپس ہو۔ یہ پورے دس ہوئے۔ یہ حکم اس شخص کے لئے ہے جس کے اہل وعیال مکے میں نہ رہتے ہوں۔ اور خدا سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خدا سخت عذاب دینے والا ہے۔

---

فقہاء نے اس آیت سے متعدد احکام کا استخراج کیا ہے۔ الفراء نے آیت کے جن الفاظ کی تشریح کی ہے ہم نے ان پر خط کھینچ دیا ہے۔

و اتموا الحج والعمرۃ للہ۔ یعنی حج اور عمرہ کو ان کے پورے ارکان کے ساتھ ادا کرو۔ اور اتمام سے قبل ارادہ فسخ نہ کرو۔ (معانی القرآن ص ۱۱۷ الجزء الاول)

فائدہ: اتموا الحج کے علماء نے مختلف مفاہیم بیان کئے ہیں۔

۱۔ گھروں سے (حج اور عمرہ) کا احرام باندھ کے نکلو۔ حضرت عمرؓ، علیؓ، سفیانؒ۔

۲۔ بیت اللہ تک احرام نہ کھولو (اتموھا الی البیت) اور راستے سے ارادہ فسخ کر کے مت لوٹ جاؤ۔ عبداللہ بن مسعودؓ

۳۔ عمرہ اور حج کے جملہ ارکان، واجبات اور سنن کی پابندی کرو۔ ابراہیم، مجاہد

۴۔ دونوں کو جمع مت کرو۔ ابن جبیر

۵۔ اشہر حج میں عمرہ کا احرام نہیں باندھنا چاہیئے۔ قتادہ

۶۔ جب حج یا عمرہ کرنا شروع کردو تو تکمیل سے پہلے اس میں خرابی پیدا نہ کرو۔ مسروق

۷۔ وہاں جا کر تجارت وغیرہ نہ شروع کردو۔ سفیان

الفراء کی مختصر سی رائے ان جملہ آراء کو حاوی ہے۔

---

آیت کریمہ:

ان الصفاء والمروۃ من شعائر اللہ فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بھما ومن تطوع خیرا فان اللہ شاکر علیم۔ (البقرۃ: ۱۵۸)

ترجمہ: بے شک صفا اور مروہ خدا کی نشانیوں میں سے ہیں، تو جو شخص خانہ کعبہ کا حج یا عمرہ کرے اس پر کچھ گناہ نہیں کہ دونوں کا طواف کرے اور جو کوئی نیک کام کرے تو خدا قدر شناس اور دانا ہے۔

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



" طواف" کی تشریح گذشتہ صفحات میں گذر چکی ہے۔ جب خانہ کعبہ کا طواف بغرض عمرہ کیا جاتا ہے تو اس کے ساتھ ساتھ صفا اور مروہ کے درمیان بھی سعی (طواف) کی جاتی امام شافعی اور امام مالک کے نزدیک صفا اور مروہ کا طواف رکن ہے۔ ابو حنیفہ رکن نہیں

فمن حج البیت الخ

(الفرّاء کہتے ہیں) مسلمانوں نے شروع شروع میں صفا اور مروہ کا طواف کرنا مناسب اس لئے کہ جاہلیت میں ان دونوں پہاڑیوں پر دو بُت نصب تھے اور لوگ ان کا طواف کر اب مسلمانوں نے اس لئے جانا مناسب نہ سمجھا کہ اس میں بتوں کی تعظیم کا شائبہ تھا۔

(معانی القرآن ص۹۵ الجزء الاوّل)

فائدۃ: لاجناح علیک ان تفعل۔ کام کرنے کی اجازت ہے۔

اور لاجناح علیک ان لا تفعل۔ کام نہ کرنے کی رخصت ہے۔

ابن العربی نے "احکام القرآن" میں اس مقام پر ایک روایت درج کی ہے:

عروہ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ سے سوال کیا کہ آیت (مذکورہ) سے تو یہ معلوم ہو اگر صفا اور مروہ کا طواف نہ کیا جائے تو کچھ حرج نہیں۔ حضرت عائشہؓ نے کہا اے بھتیجے! اگر وہ مطلب ہوتا جو آپ سمجھے تو آیت کے الفاظ یوں ہوتے: " فلاجناح علیہ ان لایطوف بہ

---

آیت کریمہ:

واذکروا اللّٰہ فی ایام معدودات فمن تعجل فی یومین فلآ اثم علیہ ومن تاخر اثم علیہ لمن اتقیٰ واتقوا اللّٰہ واعلموآ انکم الیہ تحشرون۔ (البقرۃ: ۲۰۳)

ترجمہ: اور (قیام منیٰ کے) گنتی کے دنوں میں خدا کو یاد کرو۔ اگر کوئی جلدی کرے (اور) دو میں (چل دے) تو اس پر بھی کچھ گناہ نہیں اور جو بعد تک ٹھہرا رہے اس پر بھی کچھ گناہ نہیں باتیں اس شخص کے لئے ہیں جو (خدا سے) ڈرے۔ اور تم لوگ خدا سے ڈرتے رہو، اور کہ تم سب اس کے پاس جمع کئے جاؤ گے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس آیت سے فقہاء نے متعدد مسائل کا استنباط کیا ہے۔

الفراء کہتے ہیں: "ایام معدودات" سے مراد دس دن ہیں اور ایک دوسری آیت میں "ایام معلومات" کا جو لفظ ہے اس سے مراد ایام التشریق ہیں یعنی یوم النحر اور ایام التشریق کے تین دن۔

(معانی القرآن ص۱۲۲ الجزء الاول)

فائدۃ: مفسرین اور فقہاء کے "ایام معدودات" اور "ایام معلومات" کی تشریح میں مختلف اقوال ہیں:-

۱۔ معدودات۔ ان میں ایام التشریق بھی شامل ہیں۔

۲۔ اس سے مراد صرف ایام تشریق ہیں۔ ابن عباس، عطاء ابن ابی رباح، مجاہد۔

۳۔ معدودات۔ یعنی ایام الرمی ..... امام مالک۔

۴۔ معلومات۔ سے مراد یوم النحر اور ایام التشریق کے دو دن ہیں۔

۵۔ معلومات۔ سے مراد ہے یوم عرفہ، یوم النحر اور ایام التشریق۔ ابن زید

۶۔ اس سے مراد ہے ایام النحر

۷۔ معلومات۔ کا مطلب ہے دس دن۔ ابو حنیفہ، الشافعی، ابن عباس

۸۔ ایام معدودات اور ایام معلومات مترادف ہیں۔

---

آیت، واتموا الحج والعمرۃ للہ کے دیگر خط کشیدہ الفاظ کی تشریح

فان احصرتم: اب یہ سمجھانا مقصود ہے کہ کوئی صاحب حج یا عمرہ کے ارادہ سے گھر سے نکلیں، لیکن (خدا نہ کرے) راستے میں کوئی مانع پیش آجائے تو انھیں کیا کرنا چاہیئے۔

فان احصرتم: الفراء کہتے ہیں مرض کی وجہ سے رکاوٹ پیش آجائے تو قد اُحصر کا لفظ بولا جاتا ہے۔ کسی دوسری قسم کی (خارجی) رکاوٹ ہو تو عربی محاورہ کے مطابق قد حُصر کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ لیکن بسا اوقات مرض کی رکاوٹ میں حصر اور خارجی رکاوٹ میں اُحصر کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

الھدی: اس سے مراد ہے۔ اُونٹ، گائے یا بکری۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وقولہ: ومن لم یجد فصیام ثلٰثۃ ایام فی الحج - الفراء کہتے ہیں جس شخص کے پاس "ہدی"
ہو تو وہ تین روزے رکھے، جن کا آخری دن یوم عرفۃ ہو پہلے دو روزے ذی الحجہ کے
ابتدائی دس ایام میں سے کوئی سے دو دنوں میں رکھ سکتا ہے۔ جو بقیہ سات ہیں جب گھر
لوٹ رہا ہو تو رکھنا شروع کر دے، چاہے تو گھر پر آکر رکھ لے۔ (معانی القرآن ص۱۱۸ الجزء الا

فائدۃ: ۱- "فان احصرتم" یعنی جب تمہیں دشمن روک لے۔ ابن عمر، مجاہد، ابن عباس، ا
اور شافعی (الھدایۃ - والطبری)

۲- "فان احصرتم" کوئی ایسا عذر پیش آجائے جو بیت اللہ تک پہنچنے میں مانع ہو۔
مجاہد - قتادہ - ابوحنیفہ۔

فائدۃ: متمتع (ادائے حج وعمرہ باحرام او باحرامین علی اختلاف الفقہاء) کے پاس ہدی نہ ہ
اس کے لئے ضروری (واجب) ہے کہ دس روزے رکھے، تین تو حج میں اور سات گھر
تین روزے جو اُسے ایام حج میں رکھنا پڑتے ہیں ان کے تعیین میں فقہاء کی درج ذیل آ

۱- حج کے احرام کی حالت میں یوم عرفۃ تک ..... کوئی سے تین دن - امام مالک
۲- عمرہ کے احرام میں بھی روزے رکھ سکتا ہے۔ امام ابوحنیفہ - علی، ابن عباس، ابن ع
قتادہ - (ماخوذ از طبری والھدایۃ)
۳- ایام منیٰ کے آخری دن تک روزے رکھ سکتا ہے۔ طبری۔

الفراء نے امام مالک اور ابوحنیفہ کی رائے کو جمع کیا ہے۔

فائدۃ: اھلہ حاضری المسجد الحرام کی تشریح میں علماء نے مندرجہ ذیل آراء کا اظہار کیا

۱- اس سے مراد اہل الحرم ہیں۔
۲- اس سے مراد اہل مکہ اور اہلِ مضافاتِ مکہ (کذی طوی) ہیں۔
۳- اہل عرفۃ - زھری
۴- جو لوگ حدود میقات کے اندر بستے ہیں - ابوحنیفہ
۵- جو مکہ سے اتنے فاصلہ پر رہتا ہو کہ وہاں تک نماز قصر نہ کی جائے اسے "حاضری
المسجد الحرام" شمار کیا جائے گا۔ شافعی

© rasailojaraid.com

یت کریمہ :

یا ایھا الذین آمنوا لیبلونکم اللہ بشئ من الصید تنالہ ایدیکم ورماحکم لیعلم اللہ
افہ بالغیب فمن اعتدٰی بعد ذالک فلہ عذاب الیم ۔ یا ایھا الذین امنوا لاتقتلوا
وانتم حرم ومن قتلہ منکم متعمدًا فجزآء مثل ماقتل من النعم یحکم بہ ذوا
منکم ھدیًا بٰلغ الکعبۃ اوکفارۃ طعام مسٰکین او عدل ذالک صیامًا لیذوق وبال امرہ
ہ عفا اللہ عما سلف ومن عاد فینتقم اللہ منہ واللہ عزیز ذو انتقام ۔ (المائدۃ : ۹۴، ۹۵)

رجمہ: مومنو! اللہ تمہاری اس شکار سے آزمائش کرے گا جن کو تم ہاتھوں اور نیزوں سے پکڑتے
بنی حالت احرام میں شکار کی ممانعت سے) تاکہ معلوم کرے کہ اس سے غائبانہ کون ڈرتا ہے۔
س کے بعد زیادتی کرے اس کے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے ۔ مومنو! جب تم احرام کی
میں ہو تو شکار نہ مارنا اور جو تم میں سے جان بوجھ کر اسے مارے تو (یا تو اس کا) بدلہ (دے۔
یہ ہے کہ) اسی طرح کا چارپایہ جسے تم میں سے دو معتبر شخص مقرر کر دیں (قربانی کرے اور یہ قربانی) کعبے
جائے یا کفارہ دے (اور وہ) مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ یا اس کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے
سزا کا مزا چکھے (اور) جو پہلے ہو چکا وہ خدا نے معاف کر دیا اور جو پھر (ایسا کام کرے گا) تو خدا اس
تقام لے گا۔ اور خدا غالب (اور) انتقام لینے والا ہے۔

علماء نے ان آیات سے متعدد احکام کا استخراج کیا ہے۔ الفراء نے اس آیت کے جن الفاظ کی تشریح
، ہم نے ان پر خط کھینچ دیا ہے۔

الفراء کہتے ہیں:

تنالہ ایدیکم ورماحکم سے مراد ہے شتر مرغ کے انڈے، بچے اور دیگر جنگلی جانور۔

فجزاء مثل ماقتل من النعم یحکم بہ ذوا عدل منکم۔

مطلب یہ ہے کہ کسی محرم کو یہ یاد نہ رہے کہ وہ احرام سے ہے اور شکار مارے تو دو
معتمد علیہ ثالث اس سے پوچھیں:

کیا اس سے قبل بھی تم نے حالتِ احرام میں شکار کیا ہے؟

اگر وہ اثبات میں جواب دے تو حکمین اس کے متعلق کوئی فیصلہ صادر نہ کریں۔ لیکن اگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ اس سے قبل شکار کرنے سے انکار کرے تو اگر شکار کی قیمت بکری تک کی قیمت کے برابر ہو تو اُسے حکم دیا جائے کعبہ میں جاکر اونٹ، گائے یا بکری کی قربانی کرے۔ لیکن شکار اگر قربانی کے جانور کی مقدار یا قیمت سے چھوٹا ہو تو مجرم کو چاہیئے کہ اس کی قیمت کے اندازہ کے مطابق غرباء ومساکین کو کھانا کھلائے۔ لیکن اگر اس کا متحمل نہ ہو کہ قربانی کا جانور یا مساکین کو کھانا کھلائے، تو ہر نصف صاع کے بدلے ایک روزہ رکھے۔

---

مجرم پر جزاء کا حکم کب لگایا جائے گا، فقہاء کی اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل آراء ہیں؛

۱۔ عمد، خطا اور نسیان ہر حالت میں، شکار کی جزاء اس کے ذمہ ضروری ہوگی۔

ابن عباس، عمر، عطاء، الحسن، ابراہیم النخعی اور زہری۔

۲۔ خطاء اور نسیان کی حالت میں اس پر جزاء واجب نہیں۔ طبری، احمد بن حنبل۔

الفراء نے دوسری رائے کو ترجیح دی ہے۔

فائدۃ: بعض علماء کا خیال ہے کہ بار دگر شکار کرنے والے پر کوئی کفارہ نہیں۔

ابن عباس، الحسن، ابراہیم، مجاہد اور شریک کی یہی رائے ہے۔

مگر بعض کا خیال ہے کہ دوسری مرتبہ شکار کرتے یا تیسری مرتبہ، کفارہ دینا ہی ہوگا۔

امام مالکؒ اور سعید بن جبیر۔

حقوق اللہ سے متعلق آیات، ان پر الفراء اور دیگر علماء کی آراء کا سلسلہ ختم ہوا۔ آئندہ صفحات میں حقوق العباد سے متعلق آیات اور ان پر الفراء کی ابحاث پیش کی جائیں گی۔ ان شاء اللہ۔

© rasailojaraid.com